History bears witness that we the Afghan people have always defended the sanctity of our religion, our liberty and our territorial integrity against every kind of expansionism, imperialism and foreign puppetry. We have overcome and have outlived many a great empire because of our irrevocable trust in God and our love of liberty. The coup of April 27, 1978 has tried and is trying to eliminate our national characteristics which have been our **Raison d'Etre** and the cause for our survival. This coup d'etat shocked the civilized world by its savagery and remains as one of the bloodiest and merciless events of the century. In the first twenty four hours they spilled the blood of more than twelve thousand innocent patriotic sons of our nation by the intense fire of tanks and planes. They committed crimes against every known law of our faith, our national traditions and the international law by even killing many innocent women and children without any mercy and without any interrogation of such killings.

These unprecedented acts of so called "People's Party" have become the most shameful pages in the annals of our history. By these acts they have shown us in what they believe, a belief whose main spring is atheism, materialism and a claim of "egalitarianism" which is wrought in the most intense feelings of personal grudges, jealousy and hatred.

In a short period, without any charges or even military court trial, they have put in prison thousands of patriots among whom are many religious leaders, valiant soldiers, innocent civil servants and students of religion. Many of these "political" prisoners are being tortured and methodically eliminated at the present time.

RISEN

We, the people of Afghanistan, in face of these acts of treason and treachery against our nation and our fatherland whose sovereignty is being threatened can no longer sit idle. Therefore, we have risen to defend our religion and our country against the lackeys of neocolonialism, these illegal usurpers of power who have neither national representation, national recognition nor any sense of patriotism. We have sworn by God and by our fatherland, to rid of this foreign dominated regime once for all and prove to history, God willing, our unshakeable faith in God, our indomitable love of liberty, our national valour and the unmarred honor of our nation.

Thereupon, we have formed the Afghan National Liberation Front, a united front to struggle against the present regime of treachery and treason in Kabul.

The Afghan National Liberation Front (ANLF) believes profoundly that the sincere and true application of Islamic Principles is the only way for the salvation of Afghan Nation. Therefore, we shall struggle for the establishment of a government founded on Islamic Principles and our own traditions of democracy.

ANLF will fight against every element of disunity within our nation based on religious denomination, ethnic origin or regionalism. ANLF will struggle to establish a society of equality, brotherhood and social justice.

ANLF believes that from the Islamic point of view, political power belongs to the people and therefore, will not allow any person, family or party to falsely represent itself as the embodiment of national will or purpose and will emphatically oppose the re-establishment of such dictatorships.

ANLF will fight for the rights of the individual; the right to live, the right to be free, the right to equality and the right to personal property.

ANLF will fight all elements of imperialism, feudalism, and economic slavery which hinders the establishment of a politically, economically and socially developed, free and independent prosperous Afghanistan.

HUMAN CHARTER

ANLF in line with Afghanistan's traditional policies and in accord with the Charter of United Nations, the principles of non-interference and co-existence and the Declaration of Human Rights, will maintain a Sovereign Neutrality, non-alliance and will recognize fully the Human Rights of Afghan nation. ANLF will establish close relations with all friendly nations and especially with our neighboring countries. ANLF regards absolutely essential the non-interference within the internal affairs of each other for maintenance of peace and security in this strategic area of the world.

ANLF invites all the patriotic Afghans who are sincerely concerned about the future of their nation and their country to join their ranks in this most critical and dangerous moment of their nation's history.

Let us close our ranks wherever we may be so that we may destroy as we have done before the thrust of neocolonialism into the heartland of Islam. Let us not allow the stooges of an alien ideology destroy our faith, our honor, our traditions and our national existence. May God lead us into victory over their atheism, treason and their national slavery. May God help us to establish a true Islamic society founded on justice, freedom, equality and the brotherhood of men. ☐

Sayings of Prophet Muhammed pbuh



DUTIES TOWARDS CHILDREN

The teaching of good manners by a man to his son is better for him than to give a sa'a in charity.

●

Circumspection And Deliberation In Affairs

When a man tells something and then departs it is a trust. (What be told should be treated as confidential).

●

Consider how a matter will turn out; then if you think it issue will be good carrying on with it, but if you fear going astray hold back.

●

There is no clement one who does not stumble and no sage who does not have experience.

●

You have two characteristics which God likes: gentleness and deliberation.

●

A good way of acting, a good manner of conduct and moderation are twenty-fifth part of prophecy.

●

A believer is not stung twice from the same hole.

CBS APOLOGISES

A major American television network has apologised to the Pakistan U.N. mission for telecasting a film in which a pet dog was christened after the name of the Holy Prophet.

Majorie Holyoak, Director of Audience Services of the Columbia Broadcasting System (CBS) responding to a strong protest from the mission, expressed regrets over the "oversight!" ☐

Classified

WANTED

Sewing work available for Seamstress or Tailor familiar with Eastern Style Clothing. Contact Gurulatha Kaur Khalsa at:

961-6314 or 964-0612

■

MATRIMONIAL

"Matrimonial Correspondence invited from good-looking educated Muslim women, in early twenties, for a Pakistani professional, 28, U.S. Immigrant, belonging to a respectable Punjabi family, and well employed in San Francisco Bay area. Girl should be proud of our Muslim Heritage and values. Please write in full detail, with a recent photo, to:

M.S., c/o CRESCENT."

آپ کے خطوط

ایڈیٹر صاحب!
السلام علیکم

اس میں شک نہیں کہ آپ حضرات بڑی محنت سے اخبار نکالتے ہیں۔ لیکن وہ اخبار ہی کیا ہوا جو وقت پر نہ ملے۔

دو تین ہفتے کی تاخیر تو معمول بن چکی ہے۔ کبھی کبھی مہینے کے اوپر بھی نکل جاتا ہے۔ یکم اپریل کا اخبار تین ہفتے بعد جلوہ نما ہوا ۔ اور پندرہ اپریل کے پرچے کا ابھی تک کیا سوال؟

پچھلے شمارے میں پوسٹ ماسٹر جنرل کے نام آپ کا کھلا خط پڑھا تھا۔ لیکن یوں لگتا ہے جیسے ...

یہ بات مجھ کو بہت ناگوار گزرتی ہے!

اس ترقی پذیر ملک کے مہذب باشندوں کی یہ سست روی ہماری سمجھ سے باہر ہے!

آپ بہرحال اپنی تگ و دو جاری رکھیں — ہم بھی اپنی شکایات بھیجتے رہیں گے — کچھ تو اثر ہوگا۔

عزیز قریشی
(مرکھم)

نوٹ:
ہمیں اس بات کی خوشی ہے کہ ہمارے اکثر قارئین اب یہ جان چکے ہیں کہ رسالے کی تاخیر سے پہنچنے کے ہم نہیں بلکہ محکمۂ ڈاک ذمہ دار ہے۔ قارئین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے علاقے کے پوسٹ آفس سے اس سلسلے میں پوچھ گچھ کرتے رہیں اور محکمۂ ڈاک کو شکایتی خط بھیجتے رہیں ——— (ادارہ)

ایڈیٹر "کریسنٹ"
آداب

۱۵ اپریل کے شمارے میں صفحۂ اول پر چھپا ہوا کارٹون دیکھ کر جی خوش ہو گیا۔ سلطان صاحب کو اشارے کنایے میں بڑی بات کہہ جانے کا فن خوب آتا ہے۔ "روسیاہ" کی طرف اس "روئے سخن" سے بہتر اور کیا صورت ہو سکتی تھی!

ہمارے بیٹے صاحبزادے کی نظر اس کارٹون پر پڑی تو پوچھا "یہ غلطی ایں تو نہیں —— ؟"

مشابہت کا یہ پہلو بھی کم دلچسپ نہیں ۔

سلطان صاحب کو ہماری مبارکباد!

محمد شفیق
ٹورانٹو

For your dining pleasure THE RAJPUTS, renowned for their excellent Indo-Pakistani Cuisine, bring to you,

The Rajputs
AKBAR'S COURT

384 YONGE ST. at Gerrard
Tel. 595-1725
Fast Take-out and Delivery

OTHER LOCATION
the RAJPUT I
376 Bloor St. W.
921-3679
HOURS: Monday to Saturday
12 noon till midnight
Sunday 5 – 10 p.m.

تشکر

پچھلے مہینے ہماری گزارش کے جواب میں جن قارئین نے "کریسنٹ" کے سالانہ چندہ کی رقم بھیج دی ہے ہم ان کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ اس ضمن میں قارئین کا ردِ عمل ہماری توقع سے کہیں زیادہ رہا۔ جس سے ہماری بہت ہمت افزائی ہوئی ہے۔
(ادارہ)

وہ سرزمین پوچھتی ہے!

حسنی ٹورانٹو

گزشتہ دنوں کینیڈین اخبارات میں کچھ اس قسم کی خبریں شائع ہوئیں جن سے یہی تاثر ملتا تھا کہ مقامی میڈیا اگر کسی کا ہمدرد ہے تو وہ پاکستان ہے یا یہاں بسنے والے پاکستانی ہیں۔ ہمارے حافظے کے لیے شاید بادام کا کشتہ بھی کم ہے کیونکہ ہم بھول جاتے ہیں کہ سقوطِ ڈھاکہ کے وقت اسی میڈیا نے پاکستان کو دولخت ہوتے دیکھ کر کس خوشی سے تالیاں پیٹی تھیں۔ گزشتہ چند سالوں سے نسلی تعصب کو ہوا دینے میں اسی میڈیا کا ہاتھ کارفرما رہا ہے۔ شاید پاکستانیوں سے ہمدردی ہی کی بدولت اسی میڈیا نے تمام رنگدار باشندوں کو "پاکی" کے خطاب سے نواز دیا۔

کچھ ہی دنوں کی بات ہے اسی میڈیا میں صفِ اوّل کی سرخیاں غیر قانونی پاکستانیوں کی مجوزہ ... میں بھی لگائی گئی تھیں۔ یہاں تک کہ پاکستانیوں کو بدنام کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی گئی۔ کتنی عجیب بات ہے کہ ہمارے چند پاکستانی بھائیوں نے پاکستانی عدالت میں مقدمہ ہار جانے کے بعد اپنا کیس کسی مہذب دنیا کے مہذب میڈیا کے حوالے کر دیا ہے۔ وہ مہذب دنیا جہاں عصمت دری، ڈکیتی اور قتل آئے دن ہوتے رہتے ہیں۔ کیا یہی وہ مہذب دنیا نہیں جہاں بھرے مجمع کے سامنے ایک مسلمان ایشیائی کی ٹانگیں توڑ دی جاتی ہیں۔ اور اس مہذب دنیا کے شریف شہری ... سب کے سب برسرِ عام پر کرشمہ تماشہ دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ یا ہمارا کیس ان لوگوں کی اس عدالت کے سامنے پیش ہوا ہے جو ابھی تک نسلی تعصب میں ملوث ہونے والے کسی پاکستانی ... کو سزا دینے سے معذور ہے۔

ساؤتھ افریقہ کس کی گود میں پلا اور پروان چڑھا۔ کیا اسرائیل اسی مہذب دنیا کی آنکھوں کا تارا نہیں۔ جس طرح ہم نے بہرحال جینے کی ہی ... کرتے ہوئے اپنے ... کو کینیڈین پریس میں پیش کیا ہے اس سے اگر کسی کو فائدہ پہنچا ہے تو وہ وہی متعصب پریس ہے۔ اب ہم کس منہ سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس دیس میں ہمیں ہمارے حقوق ملنے چاہئیں۔ جواب یہ ملے گا تم تو اپنے ہی ملک کے ٹھکرائے ہوئے باشندے ہو۔ غیر ملک میں کیا حق مانگتے ہو۔

ہمارے دلوں میں قومی نام کی کوئی شے اگر رتی برابر بھی بچی ہے تو آئیے جذبۂ حب الوطنی جیسی کسی چیز کو بھی تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ اپنے وطن اور اس کے وقار کا بیڑا غرق کرنے سے پیشتر تاریخ کی اس شخصیت کو بھی ذہن میں واضح کر دیں جسے کبھی میر جعفر آف بنگال کہا جاتا تھا۔ مہذب دنیا کے ان ہی انگریزوں کے ہاتھوں بک جانے کے بعد اس کا کیا ہوا؟

قوم کی مائیں تو اپنے ہزاروں بیٹوں کو پاکستان پر قربان کرنے کے باوجود خوش ہیں۔ انہوں نے تو کبھی کسی مہذب عدالت کا دروازہ نہیں کھٹکھٹایا۔ ہم یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ وہ ہزاروں جانباز جو ملک کی اکتیس سالہ زندگی میں وطن پر قربان ہو کر ہمیں زندگی دے گئے۔ کیا اس لیے کہ ہم اس عظیم ملک سے نکل کر ... کے گلی کوچوں میں اس کی عظمت، حرمت اور تقدس کی دھجیاں اڑاتے پھریں۔۔۔؟

سرفراز نواز کی موجودگی کسی بھی ٹیم کی فتح کا باعث بن سکتی ہے (ایک جائزہ)

پاکستان میں بے پناہ مقبولیت حاصل کرنے کے بعد
خواجہ معین الدین کا
طنز و مزاح سے بھرپور تمثیلی شاہکار

تعلیم بالغاں

۱۲ مئی ۱۹۷۹ء کو ۸ بجے شب کالٹن یونیورسٹی آڈیٹوریم میں
پیش کیا جا رہا ہے۔
ٹکٹ: ڈھائی ڈالر۔ ۱۲ سال سے کم عمر بچوں کا داخلہ ممنوع ہوگا۔
مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:
820-8611 or 824-1410
منجانب: لٹریری اینڈ کلچرل سرکل، کینیڈا پاکستان ایسوسی ایشن

گروسری، سبزیاں، مصالحہ جات
تازہ حلال گوشت
بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West
Toronto, Ont.

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

ایک تعلیم یافتہ پاکستانی لڑکے کے لیے کینیڈا میں مقیم مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ خط و کتابت کے ساتھ پتہ ذیل پر خط لکھیے۔ خط و کتابت صیغۂ راز میں رکھی جائے گی۔

ALI C/O CRESCENT

•

فلیٹ کرایہ پر

ڈون اور ... کے علاقے میں ایک بیڈروم کا فلیٹ کرایہ کے لیے خالی ہے۔ کارپٹ سے آراستہ، کچن، واش روم اور علیحدہ دروازہ۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:

سرفراز: 652-1262

•

برائے فروخت

ایک بی بی پرام بالکل نئی حالت میں مناسب قیمت پر فروخت کی جا رہی ہے۔

گھاس کاٹنے کی دستی مشین جو صرف ایک ہی موسم میں استعمال ہوئی ہے بازار سے آدھی قیمت پر فروخت کی جا رہی ہے۔

دونوں اشیاء کے لیے فون کیجیے:

493-4374

خواتین کے لیے اردو میں جماعتِ تفسیر القرآن

جامع مسجد ٹورانٹو میں خواتین کے لیے اردو میں تفسیر القرآن کی جماعت کا انتظام کیا گیا ہے۔ یہ جماعت ہر اتوار کو بعد نمازِ ظہر دو سے تین بجے تک اکٹھا ہوگی۔
خواتین سے التماس ہے کہ شرکت کر کے استفادہ حاصل کریں نیز اس کام میں ذاتی طور پر حصہ لیکر دوسری خواتین کو مستفید کریں۔

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، انگلینڈ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں۔ شادی کے لیے ہماری خدمات حاصل کریں۔
تفصیل کے لیے ہمارے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور ڈاک کا ٹکٹ لگا کر ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

طنز و مزاح

چٹخارے

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

مغربی تہذیب میں قانون کی بڑی عزت ہے۔ قانون کے توڑنے والے کی عزت گھٹ جاتی ہے اور قانون کی ظاہری حد تک تابعداری کرنے والے کی عزت بڑھ جاتی ہے۔ اس قانون کا اخلاق سے کوئی تعلق نہیں ہوتا اگر قانون کی حد میں رہ کر آپ دوسرے کا گلا کاٹ سکیں تو بڑے شوق سے! قانون کی حد میں رہ کر غریب کا حق ماریئے تو سوسائٹی میں آپ کا اونچا مقام رہے گا۔ قانون کے الفاظ کو توڑے بغیر آپ وعدوں کی خلاف ورزی کر سکیں تو کیا برائی ہے اس میں؟ قانون کی اسپرٹ سے ہمیں سروکار کیا۔ کھیل صرف اتنا ہے کہ عدالتوں میں آپ یہ ثابت کر سکیں کہ قانون کا ایک حرف بھی آپ نے نہیں توڑا!

ایک غریب ملک نے قانون کا احترام کرتے ہوئے اپنے ملک کے ایک نمایاں شہری کو ملک کے قانون کے تحت ایک دوسرے شہری پر عدالت میں مقدمہ چلانے کی اجازت دی۔ اس ملک کی اونچی عدالت نے فیصلہ کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کی گئی ہے اس لیے معزز شہری مجرم ہے۔ حد یہ ہے کہ اس ملک کی سپریم کورٹ نے بھی ہائی کورٹ کے فیصلے سے اتفاق کیا۔ ملک کے حکمران نے قانون کا احترام کرتے ہوئے اس معزز شہری کو عدالتوں کے فیصلے کے مطابق سولی پر لٹکا دیا۔

مغربی طاقتوں نے اس قانون کے احترام پر اس ملک کے خلاف کہرام مچا دیا۔ کہرام اس لیے مچایا گیا کہ اگر ایک ملک کا وزیر اعظم کسی مخالف کو قتل کرانے کے احکامات جاری کرتا ہے تو اس کے بڑے عہدے کا لحاظ کرتے ہوئے اسے پھانسی پر نہیں لٹکایا جانا چاہیے۔ تھوڑا سا غور کرنے کے بعد اس اصول سے اتفاق کرنا ہی پڑتا ہے۔ موڈرن تعلیم یافتہ سوسائٹی میں مالداروں، اونچے سیاسی لیڈروں اور حکومتی ایجنسیوں کے لیے — جیسے CIA، FBI، RCMP کے لیے ایک قانون ہوتا ہے اور غریب شہری کے لیے دوسرا۔ ہونا بھی ایسا ہی چاہیے۔ PATRICIA HEARST کے لیے ایک قانون اور حبشی مسلم لیڈر قاسم عبد الخالص کے لیے دوسرا — دیکھ لیجیے نا! ملک کے سب سے بڑے سیاسی لیڈر اور ایک عام شہری کو کس منطق پر آپ ایک ہی صف میں کھڑا کر سکتے ہیں؟ اس موڈرن سوسائٹی کے قانون بنانے والے ملک کے سرمایہ دار اور طاقت کے بھوکے سیاسی لیڈر ہی ہوتے ہیں اور ایک انسان میں دوسرے انسان سے کتنا فرق ہوتا ہے۔ ہر ایک کا بینک بیلنس برابر نہیں ہوتا۔ اس لیے انسان کے بنائے ہوئے قانون میں اس فرق کو ہر وقت ذہن میں رکھنا پڑتا ہے۔

دوسری طرف ایک ملک ہے جو کہتا ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو نظام مصطفیٰ کے مطابق بنانا چاہتے ہیں۔ اللہ کے بنائے ہوئے قانون سبھی پرانے ہو چکے ہیں۔ ان دقیانوسی قوانین میں اللہ نے "ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز" کی رٹ لگا دی ہے۔ اس میں کنگ اور دوسرا عام شہری برابر ہے۔ اس میں سعودی خاندان کی ایک شہزادی اگر قوانین کی خلاف ورزی کرتی ہے تو دوسرے عام مجرموں کی طرح اس کی گردن اڑا دی جاتی ہے تو ایسے پرانے قوانین پر چلنے کی کوشش کرنے والوں کی مغربی سوسائٹی میں کیسے عزت ہو سکتی ہے؟ میرے خیال میں اس چھوٹے سے نکتے کو سمجھنے کے لیے کسی بڑی کھوپڑی کی ضرورت نہیں پڑنی چاہیے!

گزرے وقتوں کی بات ہے جب طاقت سکندر اعظم جیسے لوگوں کے ہاتھوں میں ہوتی تھی۔ اس موڈرن دنیا میں طاقت ان لوگوں کے ہاتھوں میں ہے جن کے ہاتھ میں ایسے وسائل ہیں جو رائے عامہ پر اثر ڈالتے ہیں۔ جیسے اخبار، رسالے، ریڈیو اور ٹی وی وغیرہ۔ پہلے اچھے لوگ بچے کی تعلیم والدین دیتے تھے مگر آج کس قسم کے کپڑے، جوتے وغیرہ چاہئیں، موٹر کیسی ہو، یہ ہم کو اشتہارات بتاتے ہیں۔ کونسی کتاب اچھی ہے یا بری اس کا پتہ اخباروں کے مضامین سے چلتا ہے جو کہ اصل میں اشتہار ہوتے ہیں۔ اس MASS MEDIA کے جنرل عرب کے مالدار شیخ نہیں، امریکی، برطانوی، جرمن نہیں بلکہ اس دنیا پر یہودیوں کا قبضہ ہے۔ تمام بڑی اشتہاری ایجنسیوں کے مالک یہودی ہوتے ہیں۔ اسلیے اگر ایک عیسائی اخبار یا رسالے کی پالیسی یہودیوں کی مرضی کے مطابق نہ ہو تو اس کو اشتہار نہیں ملتے جس کی وجہ سے وہ معاشی موت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس طرح اخبار کا ایڈیٹر وہی خبر چھاپے گا وہی کچھ لکھے گا جو اس کے مالکان کی مرضی کے مطابق ہو۔ جس طرح نیویارک ٹائمز اور واشنگٹن پوسٹ یہودی سرمایہ کے نیچے دبے ہوئے ہیں اسی طرح ٹورانٹو کے روزنامے بھی ہیں۔ بھٹو کے پھانسی پانے سے پہلے اور اس کے بعد ان اخبارات نے پاکستان کے خلاف زہر اگلا۔ اس لیے نہیں کہ ان لوگوں کو پاکستان سے کوئی دلچسپی ہے۔ اگر ہوتی تو CANDU REACTOR کے مسئلہ پر کینیڈین حکومت کے فیصلے کے خلاف مضامین شائع کرتے۔ بھٹو کے آمرانہ انداز حکومت کے خلاف لکھتے۔ پاکستان کے خلاف ہندوستان کی معاندانہ روش کے بارے میں قلم اٹھاتے — لیکن پاکستان سے اصل دلچسپی ہوتی تو! بھٹو کے کیس کے ساتھ موجودہ پاکستانی حکمرانوں کی نظام مصطفیٰ نافذ کرنے کی کوشش ایسا جرم تھا جسے یہودی، مشنری اور مغربی طاقتیں معاف کرنے کو تیار نہیں۔

ہم ٹورانٹو اسٹار کے بڑے مشکور ہیں کہ جہاں اس نے اسلام، مسلمانوں اور پاکستان پر مارک گین سے کہلوایا، وہاں راشد وہیں صدیقی صاحب کے مضامین بھی شائع کیے۔ صدیق کے معنی ہیں سچ بولنے والا۔ صدیقی صاحب کو سچ بولنے کی عادت کے باوجود نہ جانے کیسے یہودی کنٹرولڈ میڈیا میں ملازمت مل گئی۔ ایک مسلمان اگر اسلام پر اعتراض کرے، مسلمانوں کو برا بھلا کہے تو تکلیف تو ہوتی ہے مگر ساتھ ہی خوشی ہوتی ہے کہ ضمیر فروشی کر کے یہ یہودی پیسہ کم از کم ایک مسلمان تو حاصل کر رہا ہے! جو اصول چودہ صدیاں پہلے کے مسلمان نہیں سمجھ سکے تھے اسے آج تیرہ صدیوں کے بعد کا مسلمان خوب سمجھ چکا ہے کہ دنیا کی ہر برائی کر لو۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے کہتا سنائی دے گا "ارے! اللہ معاف کرے گا"۔ تو صدیقی صاحب! ذکر کریں "اللہ معاف کرے گا"۔

ٹورانٹو اسٹار کی پالیسی بھارتی پالیسی سے ملتی جلتی ہے کہ وہاں کا صدر ایسا ہوتا ہے جس کا نام مسلمانوں جیسا ہوتا ہے تاکہ ساری دنیا میں بھارت شہرت حاصل کر سکے کہ کتنا آزاد خیال ملک ہے۔ پھر اس مسلمان صدر سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف بیانات دلوائے جاتے ہیں اور ہر سال مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی جاتی ہے۔

ٹورانٹو کے دوسرے روزنامے "گلوب اینڈ میل" نے بھی بھٹو کے بارے میں پاکستانیوں کی کسی انجمن کے حوالے سے گل افشانیاں کیں۔ ہم سبھی جانتے ہیں کہ ٹورانٹو اور کینیڈا میں پاکستانیوں اور مسلمانوں کی ہزاروں انجمنیں ہیں۔ ان انجمنوں کے صدر یا جنرل سیکریٹری کے نام چند خاص موقعوں پر سامنے آ جاتے ہیں۔ ان صدر حضرات یا جنرل سیکریٹریوں کو بیوی نے نامزد کیا ہوتا ہے یا کسی قریبی دوست نے۔ ان صدر صاحب کو اگر بدقسمتی سے آپ کہیں شور مچاتے یا ایکٹنگ کرتے دیکھ لیں تو پاکستانی سنتروں کے غنڈے یاد آ جاتے ہیں۔ اب آپ میرے اس جملے پر شاید کہہ اٹھیں کہ "نہیں، اس قماش کے لوگ تو کینیڈا میں داخل ہی نہیں ہو سکتے۔ کینیڈا میں تو صرف پاکستان کی کریم ہی داخل ہو سکی ہے"۔ تو مجھے کہنا پڑے گا کہ آپ نے بیان کے وہ جلسے جلوس ہی نہیں دیکھے جن میں نام نہاد صدر اور سیکریٹریوں کے علاوہ ان کی منڈلیاں بھی نزاع پر اترتی ہوئی مل جاتی ہیں۔

مسلمانوں میں صدر صاحبان جیسے افراد ہوتے ہیں۔ خود پرست، خود غرض، مفاد پرست، دوغلے اور ضمیر فروش۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ بچے کی تربیت میں ماؤں نے اپنا کردار ادا کرنا چھوڑ دیا ہے۔ بچے کے اسکول شروع کرنے سے پہلے ماؤں نے اسلامی تعلیم نہیں دی کہ اس لیے کہ خود ان کو اپنے مذہب کے بارے میں کچھ نہیں معلوم! ••

ایک فرانسیسی صحافی نے روسی اداکارہ سے سوال انٹرویو پوچھا: اسکول میں جنسی تعلیم دینے کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ اداکارہ خاموش ہو کر کچھ سوچنے لگی۔ آخر کار مسلسل خاموشی سے تنگ آ کر صحافی نے پوچھا "آپ کیا سوچنے لگیں؟"

اداکارہ نے چونک کر سر اٹھایا اور بولی: "میں سوچ رہی ہوں کہ اگر اساتذہ نے بچوں کو ہم جیسا ... کر کے دکھایا تو؟"

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبار عنوان)

اُمید

ترکِ اُمید بس کی بات نہیں
ورنہ اُمید کب بر آتی ہے
— فانی

•

موت آ گئی نہ ہو مرے ذوقِ اُمید کو
محرومیوں میں کیف سا پانے لگا ہوں میں
— ساحر لدھیانوی

•

کہتے ہیں اُمید پہ جیتا ہے زمانہ!
وہ کیا کرے جس کو کوئی اُمید نہیں ہو
— آسی الدنی

•

دلِ مایوس میں ہے نقشِ اُمید
یا مسافر کوئی غریبِ دیار
— حسرت موہانی

•

اُمید و بیم نے مارا مجھے دوراہے پر
کہاں کے دیر و حرم گھر کا راستہ نہ ملا
— یگانہ چنگیزی

•

اُمید و نا اُمیدی کا مبہم ہونا وہی جانے
کہ جس نے کشتیوں کو ڈوبتے دیکھا ہو ساحل سے
— ثاقب لکھنوی

•

یاس و اُمید کے دریا میں ہوں مانندِ حباب
چند موجیں لئے پھرتی ہیں سرِ دوش مجھے
— نازش رضوی

•

تو آج ہم نے توڑ دیا رشتۂ اُمید
لو اب کبھی گلہ نہ کریں گے کسی سے ہم
— ساحر لدھیانوی

•

دُنیا کیا ہے؟

آج اکیلا
گم سم تنہا
سوچ کے پھولوں سے پوچھی
تنہا ساعت
دنیا کیا ہے — ؟
پاس ہے میرے
دولت سے کے متوالے دل
قسمیں کھا کر سدا ملن کی
رشتے ناطے جوڑ رہے ہیں
کاش انہیں سمجھاتے کوئی
قسمیں وعدے، رشتے ناطے
کچھ بھی نہیں
اک خوابِ پریشاں
جس کی حقیقت کچھ بھی نہیں ہے
آنکھ کھلے گی پچھتائیں گے
ہاتھ میں ان کے کچھ نہ ہوگا
اندھیرا اک رات
بوجھل آنکھوں اور قدموں سے
سوچ کے اس چوراہے پر وہ
آ جائیں گے اور سوچیں گے
دنیا کیا ہے؟

ناہید عزم





بہنوں کی محفل

اندھیری راہیں

ایکھو اندھیرو دکھو کھو نفر جو اُتر جانے والو
کیا فضو ہر بسیرو شریکھو نے گلو دادو کے لیے لیا ہے

وقار کب سے برآمدے کے ستون کا سہارا لیے اسی طرف دیکھے جا رہے تھے جہاں سے ابھی ابھی ایک لڑکی… ایک

[illegible]

فوزیہ

پکوان

لذیذ تکّے

اشیا گوشت آدھ سیر بغیر ہڈی کا، ڈیڑھ انچ کی بوٹیاں کر لیں۔ سرخ مرچیں پسی ہوئی ایک چمچ، نمک حسب ذائقہ، دہی کھانے کا ایک چمچ، پیاز ایک عدد، ادرک ایک انچ کا ٹکڑا، پپیتا تھوڑا سا، چٹکی ایک چائے کا چمچ، اور گرم مصالحہ۔

ترکیب ابلتے ہوئے پانی میں گوشت اور تھوڑا سا نمک ڈال کر دس منٹ کے لیے چھوڑ دیں۔ جب گوشت کچا پکا سا ہو جائے تو چمچ سے نکال کر کیتلی کا پانی پھینک دیں۔ اور گوشت کو مصالحے میں اچھی طرح ملا لیں۔ پھر بوٹیاں سیخ پر چڑھا کر ہلکی آنچ پر سینک لیں۔ اس دوران بوٹیوں پر تھوڑا تھوڑا گھی بھی چھڑکتے جائیں۔ یہ خیال رکھیں کہ سیخ پر ایک وقت میں چھ سات بوٹیوں سے زیادہ نہ لگیں ورنہ مصالحہ بکھر جائے گا۔ جب پک جائیں تو تکّے تیار ہیں، نوش فرمائیں۔

چاپ کے کوفتے

اشیا قیمہ باریک ایک سیر، پیاز ایک عدد، ہری مرچ آدھی چھٹانک، ادرک آدھی چھٹانک، سرخ مرچ پسی ہوئی، دھنیا پیا ہوا، نمک حسب ذائقہ، دہی ایک پاؤ۔

ترکیب پیاز، ہری مرچ اور ادرک کو اچھی طرح باریک پیس لیں۔ اب تمام مصالحے ایک ساتھ اور دہی قیمے میں اچھی طرح ملا لیں۔ جب سب ایک جان ہو جائیں تو اس سے چھوٹے چھوٹے گول کباب بنا لیں۔ ان کبابوں کو دیگچی میں رکھتی جائیں۔ جب سب رکھ لیں تو اس کو کسی چیز سے اچھی طرح ڈھک لیں اور دیگچی چولہے پر رکھ دیں۔ آنچ بہت دھیمی ہونی چاہیے۔ آدھ گھنٹے بعد دیکھیں اور پھر اُتار لیں۔

یہ بچوں کا سال ہے!

دھیان دیجیے

"کریسنٹ" میں بچوں کی تصاویر شائع کی جا رہی ہیں۔ خواہشمند بہنیں بھی اپنے بچوں کی تصویریں بھیج سکتی ہیں ——— (ادارہ)

کریسنٹ
انٹرنیشنل

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

جمشید پور — انسانی قدروں کا مرگھٹ!

بھارت کے مشہور صنعتی شہر جمشید پور میں مسلمانوں کے قتلِ عام کے متعلق جو مزید کوائف سامنے آئے ہیں، ان سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ سرکاری ذرائع سے جانی نقصان کے جو اعداد و شمار شائع کیے جا رہے ہیں، وہ نہ صرف یکسر خلافِ حقیقت ہیں، بلکہ جنونی ہندوؤں نے سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت مسلمان آبادی پر جو غیر انسانی ظلم و ستم کے جو پہاڑ توڑے ہیں، انہیں بھی محض رائی کے اندر ظاہر کرنے کی ناکام سعی کوشش کی جا رہی ہے۔ سرکاری ذرائع نے اس شہر میں ہلاک اور زخمی ہونے والے افراد کی تعداد علی الترتیب ۱۰۳ اور ۲۰۰ بتائی ہے، جبکہ صوبہ بہار کے ایک سابق وزیر اعلیٰ مسٹر کپوری ٹھاکر کے مطابق ۵۰۰ سے زیادہ افراد ہلاک ہو چکے ہیں، اور زخمی ہونے والوں کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ ہے۔ ...

ان شاء اللہ — ما شاء اللہ — الحمد للہ!

روزنِ دیوار سے

شعور و بصیرت

عدل کا اسلامی تصور

اسلام کا تصورِ عدل اتنا بلند ہے اور اس بارے میں دنیائے اسلام کی روایات اس قدر درخشندہ ہیں کہ یورپ ان کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتا۔ ...

... عدالت خود ہی اپنے فیصلے کے خلاف اپیل سن سکتی ہے۔ اور کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ عدالت کے فیصلے کو تبدیل کرے۔ اسلامی نقطہ نگاہ سے سربراہ مملکت کا عدالت کے فیصلے کو تبدیل کرنا ایک لحاظ سے عدالت پر بے اعتمادی کا اظہار ہے۔



بلیا کھی یا بھولی؟

بولتے ہیں کیوں تو بھارت والے ایسی بولیاں
جیسے بھرتے ہیں امن و سکوں کی جھولیاں
آئی بیساکھی تو مقتل بن گیا جمشید پور
خون مسلماں کا بہا، ہندو نے کھیلی ہولیاں

نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی سے علیحدگی کا اعلان

عنقریب ملک گیر کنونشن بلا کر نئی سیاسی پارٹی بنانے پر غور کیا جائے گا

شیرباز مزاری کو نامزد عہدیداروں کو برطرف کرنے کا اختیار نہ تھا۔ ہم نے پارٹی منشور سے اسلامی شقیں حذف کرنے کا مطالبہ نہیں کیا

ولی خان کی الزام تراشی اور طرزِ عمل افسوسناک ہے۔ عطاء اللہ مینگل

این ڈی پی سے الگ ہونے والوں میں گل خان نصیر، کرد، عبدالحمید جتوئی اور قسور گردیزی بھی شامل ہیں

کراچی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے دس سے زائد ممتاز لیڈروں نے پارٹی سے علیحدگی کا اعلان کیا ہے۔ ان میں سردار عطاء اللہ مینگل، میر غوث بخش بزنجو، گل خان نصیر، محمود عزیز کرد، سید قسور گردیزی، عبدالحمید جتوئی، احمد نواز بگٹی، شاہ محمد شاہ، فصیح الدین سالار اور قمر الدین پرشامل ہیں۔ آج دوپہر کراچی میں سردار عطاء اللہ مینگل نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کے صدر سردار شیرباز مزاری نے پارٹی کے تمام نامزد عہدیداروں کو عہدوں سے الگ کرنے کا فیصلہ حکومت کے اشارے پر کیا ہے اور ... [illegible]

سردار عطاء اللہ مینگل

قسور گردیزی

پارٹی منشور سے قرآن و سنت کی شق حذف کرنے اور جمہوری روایات کی بات کرنے والوں کیلئے نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی میں کوئی جگہ نہیں

لاہور ۔۔۔ (نامہ نگار) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی ایک بار پھر شدید قسم کے تنظیمی اور نظریاتی بحران سے دوچار ہے جو پارٹی کے ایک مؤثر حصے نے جس کی قیادت مسٹر عبدالولی خان اور سردار شیرباز خان مزاری کر رہے ہیں این ڈی پی کے کارکنوں اور ... [illegible]

ہم آہنگی کا پرچار کرنے والوں اور صوبائی حقوق کی بجائے صوبائی خود مختاری کا نعرہ لگانے والوں کے لئے نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ ... [illegible]

... مطالبہ کیا ہے کہ منشور سے قرآن و سنت کے مطابق زندگی بسر کرنے اور ملکی قوانین کو ان کے مطابق بنانے کی شق حذف ... [illegible]

"قیوم گروپ ہی اصلی مسلم لیگ ہے اور میں اس کا منتخب صدر ہوں"

خان عبدالقیوم خان کا دعویٰ

راولپنڈی ۔۔۔ (پ پ ا) پاکستان مسلم لیگ قیوم گروپ کے سربراہ خان عبدالقیوم خان نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کی جماعت ہی اصل مسلم لیگ ہے ۔ اور صرف وہی پاکستان مسلم لیگ کے منتخب صدر ہیں ... [illegible]

ایک جمہوری پارٹی پر اپنا حکم چلانے میں ناکامی کے بعد بعض لیڈر اسے چھوڑ گئے ہیں: بیگم نسیم ولی خان

میں اپنے شوہر کی جیب کی تلاشی نہیں لیا کرتی

پشاور ۔۔۔ (پ پ ا) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کی نائب صدر بیگم نسیم ولی خان نے سردار شیرباز خان مزاری کے موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی سے علیحدہ ہونے والے بعض لیڈر ایک جمہوری پارٹی پر اپنا حکم چلانے میں ناکام ہونے کے بعد اسے چھوڑ گئے ہیں۔ ... [illegible]

حسن محمود کو پگارا لیگ کا نائب صدر منتخب کر لیا گیا

اسلام آباد ۳۰ اپریل (اے پی پی) رات پاکستان مسلم لیگ (پگارا گروپ) کی مرکزی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں مخدوم زادہ حسن محمود کو نائب صدر منتخب کر لیا گیا۔

کیپٹل ٹریول اف کیپٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے متعلق کتابچہ کے لیے

آج ہی فون کریں

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465-5411

Windsor: (519)256-0654

DETROIT: 963-3626

744 Broadview Avenue

Toronto M4K 2P1

Tel. 465-5411 465-5412

آپ کے لئے سب کچھ چھوڑ آئے ہیں ...... اب آپ بھی ہمارا خیال رکھئے گا!

پاکستان قومی اتحاد نے مسلم لیگ پگارا گروپ کو حقیقی مسلم لیگ تسلیم کر لیا

پیر صاحب پگارا کو قومی اتحاد کے اجلاس میں شریک ہونے کی دعوت

ہماری عدم موجودگی میں کیے جانے والے فیصلوں پر نظر ثانی کی جائے گی: ایس ایم ظفر

اسلام آباد ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) پاکستان قومی اتحاد نے پاکستان مسلم لیگ (پگارا گروپ) کو اصل مسلم لیگ تسلیم کر لیا ہے۔ قومی اتحاد کے سربراہ مفتی محمود نے پیر صاحب پگارا کو اس فیصلے سے آگاہ کر دیا ہے اور انہیں وفاقی وزیر صحت میر علی احمد ... کی قیام گاہ پر کل ہونے والے قومی اتحاد کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی ہے ... [illegible]

مسلم لیگ کا کیا موقف ہے۔ مسٹر ظفر نے بتایا کہ ۲۹ نومبر ۱۹۷۸ سے لے کر آج تک پاکستان قومی اتحاد نے اپنے جن اجلاسوں میں مسلم لیگ کی عدم موجودگی میں جو فیصلے کیے ہیں ان پر کل کے اتحاد کے اجلاس میں نظر ثانی کی جائے گی ... [illegible]

دھاندلی کی اطلاع پر فوری کارروائی کیلئے عوامی نمائندگی کے قانون میں خصوصی اختیارات دیے جائیں گے ۱۹۷۷ء کے انتخابات کالعدم قرار دیے گئے

اسمبلیوں کے حلقوں کی ابتدائی فہرست جاری کر دی گئی

تجاویز اور اعتراضات ایک ماہ کے اندر داخل کیے جا سکتے ہیں

الیکشن کمیشن نے حلقہ بندی کے طریق کار کے بارے میں بھی رپورٹ جاری کر دی

اسلام آباد ــــ پی پی آئی) الیکشن کمیشن نے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے حلقوں کی ابتدائی فہرست جاری کر دی ہے اور عوام سے ان فہرستوں کے بارے میں اعتراضات اور تجاویز ایک ماہ کے اندر داخل کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ کمیشن نے [illegible] صفحات پر مبنی ایک رپورٹ بھی جاری کی جس میں حلقہ بندی کے طریق کار کے اہم پہلوؤں کی وضاحت کی گئی ہے۔ [illegible]

تجاویز داخل کرنے کے لئے ۲۴ مئی کی جو تاریخ مقرر کی گئی ہے وہ حتمی ہے اور اس مدت میں توسیع نہیں کی جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ کمیشن اس بات کی پوری کوشش کر رہا ہے کہ انتخابی فہرستوں کی تیاری اور حلقہ بندی کا کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ اعتراضات داخل کرنے والوں کی سہولت کے لئے کمیشن انتخابی حلقوں کے نقشے شائع کرے گا۔

ترجمان کے مطابق انتخابی حلقوں میں عموماً قبائل اور برادری کی بنیاد پر تبدیلی کی تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ تجاویز اور اعتراضات داخل کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ حلقہ بندیوں کے قانون مجریہ ۱۹۷۴ء کی دفعہ ۹ کے مندرجات کو بھی مد نظر رکھیں۔ [illegible]

[illegible]

اور صوبائی اسمبلیوں کے ۳۰۰ سے زیادہ حلقوں میں تبدیلی کی تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ [illegible] ترجمان نے کہا کہ یہ تبدیلیاں پرانی حلقہ بندیوں کے خلاف شکایات کے پیش نظر کی گئی ہیں۔ پرانی حلقہ بندیاں استحقاق کی بجائے سیاسی وجوہات کی بنا پر کی گئی تھیں۔

ترجمان نے کہا کہ کمیشن نے حلقہ بندی کی تجاویز مرتب کرتے وقت آبادی کی تقسیم، جغرافیائی حالات، انتظامی یونٹوں کی موجودہ حدود، مواصلات کی سہولتوں اور عوام کی سہولتوں کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ [illegible] وفاقی حکومت کے زیر انتظام قبائلی علاقوں کی نشستوں کے لئے حلقے بندی کی [illegible]

[illegible]

سکولوں میں ملیشیا کی شلوار قمیص ہی یونیفارم ہو گی

اسلام آباد ــــ پی پی آئی) [illegible] ایک ڈیڑھ سال کے دوران تمام سکولوں میں جن میں انگلش میڈیم سکول بھی شامل ہیں سکول کا یونیفارم ملیشیا کی شلوار اور قمیص کو دیکھ کر دیا جائے گا۔

جمشید پور میں فرقہ وارانہ فسادات کے دوران شہید ہونے والے مسلمانوں کی تعداد ۵۰۰ ہو گئی



ایک ہزار سے زیادہ افراد زخمی ہوئے

فسادات سازش کا نتیجہ ہیں، جنتا پارٹی ہنگامہ کی ذمہ دار ہے

نئی دہلی ــــ (اے پی) بھارتی صنعتی شہر جمشید پور میں مسلمانوں اور ہندوؤں کے مابین تصادم کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ روز [illegible] سابق وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی کی کانگریس پارٹی کے ایک [illegible] فسادات میں ۵۰ سے زیادہ افراد ہلاک اور ایک ہزار کے قریب زخمی ہوئے۔ [illegible]

[illegible] کے مطابق ۵۰ ہزار مسلمان کیمپوں میں پناہ لئے ہوئے ہیں جنہیں کھانے پینے کی اشیا فراہم کی جا رہی ہیں۔

[illegible] ہندوستان ٹائمز کے مطابق [illegible] جمشید پور سے ملنے والی تازہ ترین اطلاعات کے مطابق مسلم کش فسادات کے دوران چار سو سے زیادہ مکانات اور دکانوں کو نذر آتش کر دیا گیا۔ [illegible] دونوں فرقوں کے درمیان تصادم کا سلسلہ جاری ہے۔

ہندوستان ٹائمز کے مطابق پانچ لاکھ کی آبادی کے اس شہر میں مسلمانوں اور ہندوؤں کے درمیان کشیدگی اس وقت شروع ہوئی تھی جب کہ اس ماہ کے اوائل میں ایک [illegible] کے حکام نے [illegible]

آصف اقبال کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا کپتان مقرر کر دیا گیا

کراچی ــــ (پی پی اے) اس سال جون میں لندن میں ہونے والے کرکٹ کے عالمی کپ ٹورنامنٹ کے لئے آل راؤنڈر آصف اقبال کو کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ ان کا انتخاب بی سی پی کی ایڈہاک کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا جو لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) [illegible] کی صدارت میں ہوا۔ [illegible]

امریکہ میں پاکستانی طالبہ کا اعزاز

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) امریکہ کی انڈیانا یونیورسٹی میں زیر تعلیم ایک پاکستانی طالبہ مس سائرہ سعیدی کو اس سال [illegible] ایوارڈ کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔ [illegible] انہوں نے پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے [illegible]

جدہ ــــ (اے پی پی) [illegible] سعودی عرب کی حکومت نے تمام اسلامی ملکوں کی مادی، اخلاقی اور مالی امداد جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ [illegible]

نئے تعلیمی سال سے لاہور اور کراچی میں خواتین کے یونیورسٹی کیمپس قائم کر دیئے جائیں گے

تمام انگلش میڈیم سکولوں میں ذریعہ تعلیم اردو ہو گا

نجی شعبے میں معیاری تعلیمی ادارے کھولنے کی اجازت دیدی گئی

وفاقی کابینہ نے نئی تعلیمی پالیسی کی حتمی منظوری دے دی

راولپنڈی ــــ (اے پی پی) وفاقی کابینہ نے نئی قومی تعلیمی پالیسی اور اس پر عمل درآمد کے نقطے میں لائحہ عمل کی حتمی منظوری دے دی۔ اس پالیسی میں کابینہ کی مجلس قائمہ کی تجویز کردہ ترامیم بھی شامل ہیں۔ یہ پالیسی تعلیم کے قومی مقاصد، خواتین کی یونیورسٹیوں کے قیام، انگلش میڈیم سکولوں میں اردو کو ذریعہ تعلیم کے طور پر اختیار کرنے اور نجی تعلیمی اداروں سے متعلق ہے۔ کابینہ کے اس اجلاس کی صدارت صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کی۔

تعلیمی پالیسی میں اسلامی تعلیمات، تحریک پاکستان کی نظریاتی اساس، تاریخ اور ثقافت کو خاص طور پر مد نظر رکھا گیا ہے اور تعلیم کے ذریعے سائنس اور ٹیکنالوجی کے فروغ پر زور دیا گیا ہے۔ [illegible] ترجمان نے نئی تعلیمی پالیسی کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے کہا کہ مجلس قائمہ کی سفارشات کے مطابق حکومت نے لاہور اور کراچی میں اپنے اولین اقدام کے طور پر خواتین کے دو کیمپس قائم کرنے کی منظوری دی ہے تاکہ بعد میں انہیں مکمل یونیورسٹی کی شکل دی جا سکے۔ ترجمان کے مطابق خواتین کے کیمپس [illegible] وائس چانسلر کی سربراہی میں اگلے تعلیمی سال سے کام کرنا شروع کر دیں گے۔

طالبات جو پہلے ہی لاہور اور کراچی کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں اگر وہ چاہیں تو مخلوط نظام تعلیم میں ہی درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھ سکتی ہیں۔ انہیں خواتین کے کیمپس میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ اپریل ۱۹۷۹ء سے نافذ ہونے والی نئی تعلیمی پالیسی کی ایک اہم شق یہ ہے کہ انگلش میڈیم سکولوں میں پہلی جماعت میں داخل اردو یا علاقائی زبان میں تعلیم دی جائے گی اور یہی ذریعہ تعلیم بتدریج دوسرے درجوں میں بھی اختیار کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ ان تمام انگلش میڈیم سکولوں پر لاگو ہو گا جو حکومت کے زیر انتظام کام کر رہے ہیں۔ [illegible] اس فیصلے کا اطلاق ہو گا۔ نئی پالیسی کے مطابق نجی شعبے میں انگلش میڈیم سکول کھولنے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ وفاقی کابینہ نے نجی شعبے میں نئی تعلیمی درسگاہیں کھولنے کی اجازت بھی دی ہے۔ [illegible]

معیار اور اساتذہ کی تنخواہوں کے تعین کے بارے میں یقین دہانی کرائے۔ ان نجی درسگاہوں کی انتظامیہ کو اس بات کا یقین دلایا جائے گا کہ ان کے اداروں کو قومی تحویل میں نہیں لیا جائے گا بشرطیکہ ان اداروں کی انتظامیہ حکومت کے مقرر کردہ قواعد و ضوابط کی پابندی کرے اور مقرر کردہ تعلیمی معیار کو برقرار رکھے۔

حضور سرور کائنات کا اسم مبارک صحیح اور مکمل لکھا جائے

وفاقی حکومت نے تمام محکموں کو ہدایات جاری کر دیں

راولپنڈی ــــ (نمائندہ خصوصی) حکومت نے تمام سرکاری محکموں، وزارتوں اور دفتروں کو نوٹیفیکیشن جاری کیا ہے جس میں انہیں سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے ہجے درست اور مکمل کریں۔ ہدایت میں کہا گیا ہے کہ اس سلسلے میں مخففات استعمال نہ کئے جائیں بلکہ مکمل ہجے لکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھا جائے۔

Tongas ------------ No!
Rickshaws ------------ No!
DRIVE
Your Own Car!
Learn to drive DEFENSIVELY from the In-Car teacher
Certified by:-
- ONTARIO MINISTRY OF TRANSPORTATION
- CANADIAN SAFETY COUNCIL
- ONTARIO SAFETY LEAGUE
EXTENSIVE CANADIAN EXPERIENCE
Reasonable rates. Call:
Tel: 266-8098
A NATIONAL DRIVING SCHOOL
[Lessons also in Urdu]

دلی اسپیشل فوڈز
حلال گوشت سے تیار شدہ لذیذ، عمدہ کھانے نہاری، پائے،
شامی کباب کڑھائی گوشت
اور
بریانی وغیرہ
421-9572
DILLI SPECIAL FOODS
Chandni Chowk
401 Donlands TORONTO
Take Out Services

پاکستان انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا

کینیا کو ہر مقابلے میں ۵ گول سے شکست دے دی

ہیگ، واشنگٹن ــــ (رائٹر) پاکستان انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ پاکستانی ٹیم نے آج یہاں کینیا کی ٹیم کو صفر کے مقابلے میں پانچ گولوں سے شکست دے کر پول بی کا میچ جیت لیا۔ اسی گروپ میں پاکستان ملائیشیا اور برطانیہ کو شکست دے چکا ہے۔ اس پول کا آخری میچ جمعرات کو نیدر لینڈ کے ساتھ ہو گا۔ لیکن چونکہ پاکستان پہلے تین میچ جیت کر چھ نمبر حاصل کر چکا ہے [illegible]

حنیف نے دو اور منظور جونیئر، سمیع اللہ اور منظور الحسن نے ایک ایک گول کیا۔ [illegible]

حنیف

بھٹو کو پھانسی سے قبل
ہلاک نہیں کیا گیا تھا
میں نے صاحب بہادر کو دو تین سو
آدمیوں کی موجودگی میں مرتے
اور پھر اسی طرح لٹکے دیکھا: تارا مسیح

بھٹو نے آخری وقت میں اپنی بیوی کے بارے میں کچھ نہیں کہا: تارا مسیح سے انٹرویو

لاہور ـــــ مسٹر بھٹو کو پھانسی دینے والے جلاد تارا مسیح نے ان اطلاعات کی تردید کی ہے کہ مسٹر بھٹو کو پھانسی چڑھانے سے پہلے ہلاک کر دیا گیا تھا [illegible]

[illegible]

ممتاز بھٹو بھی ملک سے باہر جانے کا بہانہ تلاش کر رہے ہیں

کراچی ـــــ ایک مقامی روزنامے کے مطابق پیپلز پارٹی کے رہنما [illegible]

[illegible]

THE NAME YOU
HAVE LEARNED
TO TRUST FOR

تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری - تازہ سبزیاں

SPICE TOWN
&
HALAL MEAT

2210 DUNDAS STREET WEST
(Near Jami Mosque)
PHONE: (416) 532-8267
(Free Delivery)

امریکہ کی جانب سے پاکستان کو ایٹمی ری ایکٹر مہیا کرنے کی مشروط پیشکش

دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح پر مذاکرات کے مفید نتائج نکلیں گے

کارٹر انتظامیہ پاکستان سے ایٹمی توانائی کے پرامن استعمال کی ضمانت چاہتی ہے

واشنگٹن ــــ [illegible]

[illegible]

ایک اعلیٰ امریکی افسر نے دریافت کیا کہ امریکہ کے پاس [illegible]

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لیے آج ہی لکھیئے۔

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیے
ہمیں لکھیئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.00 (Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک TechnoPak کے نام لکھیئے اور اس پتہ پر بھیجیئے

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario, Canada, M1W 2V2 (phones (416) 497 9623, 493 4374)

انکم ٹیکس سپیشلسٹ

Bus. (416) 635-2512 Nights: 881-8090

افضل حسین

Afzal Hussain B.Comm., M.Comm.
Accountant

Afzal Bookkeeping Co.
SUITE 220
4140 BATHURST STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO
M3H 3P3

INCOME TAX
BOOKKEEPING

آئی آئی چندریگر

حسین شہید سہروردی

چوہدری محمد علی


محمد علی بوگرہ


خواجہ ناظم الدین

لیاقت علی خان

پاکستانی حکمرانوں کا عرصہ اقتدار ایک جھلک

لاہور ۱۱ اپریل۔ پاکستان میں گزشتہ تیس برسوں میں کتنے حکمران برسراقتدار آئے اور انہوں نے کتنا عرصہ تک حکومت کی۔ اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سربراہ حکومت	عرصۂ اقتدار	اقتدار سے علیحدگی کی وجہ
لیاقت علی خان	اگست ۱۹۴۷ء	اکتوبر ۱۹۵۱ء (قتل کر دیئے گئے)
خواجہ ناظم الدین	اکتوبر ۱۹۵۱ء	اپریل ۱۹۵۳ء (برطرف کر دیئے گئے)
محمد علی بوگرہ	اپریل ۱۹۵۳ء	اگست ۱۹۵۵ء (مستعفی ہو گئے)
چوہدری محمد علی	اگست ۱۹۵۵ء	ستمبر ۱۹۵۶ء (مستعفی ہو گئے)
حسین شہید سہروردی	ستمبر ۱۹۵۶ء	اکتوبر ۱۹۵۷ء (مستعفی ہو گئے)
آئی آئی چندریگر	اکتوبر ۱۹۵۷ء	دسمبر ۱۹۵۷ء (مستعفی ہو گئے)
ملک فیروز خان نون	دسمبر ۱۹۵۷ء	اکتوبر ۱۹۵۸ء (فوجی انقلاب کے نتیجے میں رخصت ہوئے)
اسکندر مرزا	۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء کو صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا	اکتوبر ۱۹۵۸ء (فوجی انقلاب کے نتیجے میں رخصت ہوئے)
ایوب خان	اکتوبر ۱۹۵۸ء	مارچ ۱۹۶۹ء (فوجی انقلاب کے نتیجے میں رخصت ہوئے)
یحییٰ خان	مارچ ۱۹۶۹ء	دسمبر ۱۹۷۱ء (اعصاب جواب دے گئے)
ذوالفقار علی بھٹو	دسمبر ۱۹۷۱ء	۵ جولائی ۱۹۷۷ء (فوجی انقلاب کے نتیجے میں رخصت ہوئے)

جنرل محمد ضیاء الحق ۵ جولائی ۱۹۷۷ء کو برسراقتدار آئے۔

اسکندر مرزا

فیروز خان نون

یحییٰ خان


ایوب خان

جنرل محمد ضیاء الحق

ذوالفقار علی بھٹو

جلال آباد میں افغان فوج نے بغاوت کر دی

شہر میں باغی اور وفادار فوجوں میں زبردست لڑائی

لندن ۱۱ ــــ [illegible] افغانستان میں پاکستان کی سرحد کے قریب باغی اسلامی دستوں اور افغان فوج کے درمیان لڑائی شدت اختیار کر گئی ہے [illegible]

[illegible]

یاد رہے کہ معلوم ہوا ہے کہ ہفتے کے روز افغانستان نے اپنی پاکستان سے ملنے والی سرحد کو چار گھنٹے کے لیے بند کر دیا تھا۔

ایک اور اطلاع کے مطابق افغانستان پاکستان سے ملنے والی سرحد پر زبردست فوجی تیاریوں میں مصروف ہے۔ فوج کی ایک بڑی تعداد سرحد پر پہنچ چکی ہے [illegible] اسلام آباد سے خبر دی ہے کہ صدر جنرل ضیاء الحق نے اس بات کا اعتراف کر لیا ہے کہ [illegible] پاکستان میں پناہ لے چکے ہیں۔

امریکی جریدہ ٹائم کے تازہ شمارے کے پاکستان میں داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی

اسلام آباد ــــ وزیر پلیر رپورٹ، حکومت پاکستان [illegible]

بھٹو کو ان کے نادان دوستوں نے مروایا ہے، کوثر نیازی

پیپلز پارٹی کے کارکن انتخابات کی راہ میں رکاوٹیں پیدا نہ کریں

راولپنڈی ــــ [illegible] پیپلز پارٹی کے کنوینر مولانا کوثر نیازی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں [illegible]

[illegible]

بھٹو کے بعد پاکستانی سیاستدانوں کو نئی طرز سیاست اختیار کرنے کا موقع مل گیا ہے، ائیر مارشل اصغر خان

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ
یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے
ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call ISMAIL At
461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

میں نے بھٹو کو پھانسی چڑھتے دیکھا

پہلی چشم دید رپورٹ

شکایت کی کہ وہ سخت بستر پر نہیں سو سکتے۔ کچھ ہی دیر کے بعد ان کے لئے نرم بستر کا بندوبست کر دیا گیا۔ جیل حکام ان کے سیل میں پہنچے اور اطلاع دی کہ ان کا بستر تبدیل کیا جا رہا ہے۔ تاکہ وہ آرام سے سو سکیں۔ "اب مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔" مسٹر بھٹو نے کہا۔ [illegible]

وہ وقت ان کے درمیان تقریباً پانچ منٹ کا فاصلہ تھا۔ وہ اپنے باپ سے باتیں کرتے ہوئے بار بار رو پڑتی تھیں۔ مگر نصرت بھٹو کی آنکھوں میں آنسو نہیں تھے۔ اگرچہ ان کے چہرے پر دیرانی تھی اور تشویش کے آثار تھے۔ انہوں نے کچھ زیادہ باتیں بھی نہیں کیں۔ زیادہ وقت مسٹر بھٹو نے بیٹی کے سوالوں کے جواب دیتے رہے۔

ملاقات کے آغاز میں بیگم بھٹو نے انہیں بتایا کہ انہوں نے جیل کے حکام سے پوچھا ہے کہ کیا یہ آخری ملاقات ہے۔ اس پر انہیں بتایا گیا کہ ہاں یہ آخری ملاقات ہے [illegible]

[illegible]

بیگم بھٹو نے فیصلہ کر لیا کہ آخری … [illegible] ۔۔۔

> آخری ملاقات اس طرح ختم ہوئی کہ بیگم بھٹو پر سناٹا طاری تھا۔ بے نظیر رو رہی تھی اور مسٹر بھٹو کے چہرے پر بے یقینی کے سائے تھے

"I AM SORRY FOR MY WIFE SHE WILL BE LEFT ALONE"

"… FINISH IT …"

"IT HAS BEEN REJECTED …"

میرا شوہر کہاں ہے؟

نفیس النساء

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پندرہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور سینئر الاشاعت اخبار

جلد: ۸ | ۴ جمادی الثانی ۱۳۹۹ھ | یکم مئی ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۶

پاکستان اور ایران اسلام کے پرچم تلے متحد ہو جائیں گے: خمینی

ایران میں اسلامی انقلاب کی بھرپور حمایت پر ہم پاکستانی عوام کے شکر گزار ہیں

دونوں ملکوں کے درمیان برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے

دشمنانِ اسلام کے مقابلے کے لیے آج ہمیں اتحاد کی سخت ضرورت ہے

صدر ضیاء الحق کے پیغام مبارکباد کے جواب میں ایرانی رہنما کا خط

اسلام آباد ——— (پ پ ا) ایران کے انقلاب کے بانی آیت اللہ روح اللہ خمینی نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے عوام جن کے درمیان ہمیشہ دوستانہ اور برادرانہ تعلقات رہے ہیں اب اسلام کے پرچم تلے مزید قریب ہو جائیں گے اپنا اتحاد کو مضبوط کریں گے اور دو بھائیوں کی طرح ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔ صدر ضیاء الحق کے پیغام کے جواب میں جو انہوں نے ایران کے اسلامیہ جمہوریہ بننے پر آیت اللہ کو بھیجا تھا،

آیت اللہ خمینی نے اپنے خط میں جو آج صدر کو موصول ہوا کہا ہے کہ مجھے آپ کا پیغام ملنے پر بے حد مسرت ہوئی ہے ایران کے اسلامی انقلاب اور میرے بارے میں آپ نے جن نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے اس پر میں آپ کا بے حد شکر گزار ہوں۔ [illegible] میں ایران کے عوام سے [illegible] ان پُرخلوص خواہشات کا اظہار کیا ہے کہ وہ ایران کو صحیح اسلامی ملک بنانا چاہتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں یہ مقصد حاصل کرنے کے قابل بنائے۔

آیت اللہ خمینی نے کہا ہے کہ ایران میں اسلامی انقلاب پر پاکستانی بھائیوں نے شروع ہی سے جن نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ایران کے لوگ انہیں نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ہم ان اخوت اور محبت کے جذبات کے لئے پاکستانی بھائیوں کے شکر گزار ہیں جن کا اظہار انہوں نے مختلف صورتوں میں کیا ہے [illegible] میں ایران کے اسلامی انقلاب کے متعلق چھپنے والے مضامین کی اشاعت اسلامی انقلاب کے حق میں مظاہرے اور ہماری تحریک کی حمایت میں بھیجے گئے پیغامات اور [illegible]

ہماری دلی خواہش ہے کہ پاکستان اور ایران کے عوام جن کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے خلوص سے بھری دوستانہ اور برادرانہ جذبات موجزن رہے ہیں اب وہ آزاد ہو کر اسلام کے پرچم تلے ایک دوسرے کے اور قریب آ جائیں اتحاد کو مزید مضبوط بنائیں اور ایک دوسرے کی بھائیوں کی طرح حمایت کریں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور عنایات سے ان دونوں ملکوں کے مسلمان بھائی اور تمام عالم اسلام کے دوسرے بھائیوں کے ساتھ مل کر اپنے اسلامی رشتوں کو مزید مستحکم بنائیں گے اب جب کہ مسلمانوں کا اسلام دشمن قوتوں کا سامنا ہے وہ صرف اتحاد کے ذریعے ہی امن اور سلامتی سے رہ سکتے ہیں میں خدائے بزرگ و برتر سے اپنے عزیز پاکستانی بھائیوں کی ترقی، خوشحالی اور سربلندی کی دعا کرتا ہوں۔



صدر ضیاء کے نام علامہ خمینی کے خط کا عکس

امام خمینی کا پیغامِ وحدت

جو

خاص طور پر ایران سے "کریسنٹ" کے قارئین کے لیے بھیجا گیا ہے صفحہ ۹ پر ملاحظہ فرمائیے۔

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 3 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

336 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"

کا مشورہ دیا انہوں نے کہا کہ میں نے سیاست میں جو وقت گزارا ہے وہ عوام کے لیے آئندہ عام انتخابات جیتنے کے لیے کافی ہے [illegible] یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بھٹو نے اپنے کم زور مشر [illegible] ملاقات سے انکار کر دیا تھا اور اس کی کوئی وجہ بھی نہیں بتائی تھی

ہائی کورٹ نے وکلاء کو نصرت بھٹو اور بے نظیر بھٹو سے ملاقات کی اجازت دیدی

لاہور ۲۳ اپریل (اشاعت رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس زکی الدین پال کی عدالت میں آج پیپلز پارٹی کی قائم مقام چیئرمین بیگم نصرت بھٹو اور ان کی صاحبزادی مس بے نظیر بھٹو کی نظر بندی کے خلاف رٹ درخواستوں کی سماعت ہوئی آج کی سماعت کے بعد فاضل عدالت نے مس بے نظیر بھٹو کے وکیل اصغر حیدری کو نظر بندوں سے ملاقات کی اجازت دے دی۔ سماعت کے دوران ایڈووکیٹ جنرل مسٹر عامر رضا خان نے فاضل عدالت کو بتایا کہ وکلاء کو نظر بندوں سے ملاقات کے لیے کوئی رکاوٹ نہیں ہے [illegible] ایڈووکیٹ جنرل نے فاضل عدالت کو بتایا کہ [illegible]

مجھے پھانسی دلانے میں سینٹرل کمیٹی کے ارکان نے اہم کردار ادا کیا

ان کو میری زندگی نہیں لاش کی ضرورت ہے

عدالت سے واک آوٹ کا مشورہ بھی جنہوں نے دیا تھا

بھٹو نے آخری وقت بیگم نصرت بھٹو اور بے نظیر سے ملاقات کے دوران [illegible]

کراچی ——— (پ پ ا) ذوالفقار علی بھٹو مرحوم نے بیگم نصرت بھٹو اور مس بے نظیر بھٹو سے آخری ملاقات کے دوران بتایا تھا کہ مجھے موت کی سزا دلوانے میں پیپلز پارٹی اور سینٹرل کمیٹی کے ارکان نے اہم کردار ادا کیا ہے [illegible]

بے نظیر بھٹو کو پاکستان پیپلز پارٹی کے متعلق جو ہدایت کی گئی ہے [illegible] سازش کی روز نامہ [illegible]